سول ہسپتال کوئٹہ میں کارڈیک ڈیپارٹمنٹ اور دیگر 11 اسپشلٹیز مریضوں کو سہولیات فراہم کررہے ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ کارڈ بلوچستان ڈاکٹر سمیع اللہ کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں میں غریب عوام کا ہیلتھ کارڈ کے ذریعے مفت علاج کیا جارہا ہے، کارڈیک ڈیپارٹمنٹ اور 11 دیگر اسپشلٹیز نے سنڈیمن سول ہسپتال کوئٹہ میں ہیلتھ کارڈ پروگرام کے ذریعے بلوچستان ......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کے پسماندہ لوگوں کو صحت کی معیاری خدمات کی فراہمی کو جاری رکھنے کا عہد کیا ہے، بی ایم سی میں ہیلتھ کارڈ کے حوالے سے پائی جانے والی تمام غلط فہمیاں دور کردی گئی ہیں۔ یہ بات انہوں نے منگل کو ہیلپر آئی ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر سلطان لہڑی، سول ہسپتال کوئٹہ کے ایم ایس ڈاکٹر اسحاق پانیزئی، میڈیکل فیکلٹی، کارڈیالوجی، گائناکالوجی اور سرجری کے کنسلٹنٹس کے ساتھ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ڈاکٹر سمیع کاکڑ نے کہا کہ ہیلپر آئی ہسپتال کوئٹہ میں ہیلتھ کارڈ کے ذریعے مریضوں کا علاج کا عمل گزشتہ 8 ماہ سے تعطل کا شکار تھا ہیلتھ کارڈ کے ذریعے مریضوں کے علاج کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرکے مریضوں کا باقاعدہ ہیلتھ کارڈ پر علاج دوبارہ شروع کردیا گیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 02 OCT 2024

Page No. 18


# انتظامیہ نانبائیوں کے سامنے بے بس' شہری مہنگی روٹی خریدنے پر مجبور

انتظامیہ کی کارروائیاں بے سود' گرانفروشوں کو چھاپوں کے دوران گرفتار کرنے کے بعد مک مکا کر کے چھوڑ دیا جاتا ہے' شہری

**گرانفروشوں کو گرفتار کر کے مقدمات درج کئے جائیں' تھانوں میں لین دین کا معاملہ ختم کر کے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے' مطالبہ**

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں تندوری روٹی نے اڑان بھر لی کم وزن زیادہ قیمت ڈی سی کوئٹہ تندور ایسوسی ایشن کے آگے بے بس، کوئٹہ میں نوٹیفکیشن جاری ہونے کے باوجود روٹی سستی نہ ہو سکی کوئٹہ کے شہریوں کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے دوسری بار روٹی کی قیمتوں میں کمی کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا، لیکن تاحال انتظامیہ اور حکومت اس پر عمل درآمد نہیں کرا سکے کوئٹہ شہر تندور مافیا کے اشارے پر چل رہا ہے جو انتظامی افسران کیلئے سونے کی چڑیا بن چکی ہے شہریوں کہتے ہیں کہ آٹے کی 50 کلو بوری کی قیمت کچھ ماہ پہلے پانچ سے چھ ہزار کے درمیان تھی تب بھی روٹی موجودہ قیمت پر فروخت ہو رہی تھی اور اب آٹا کی بوری کی قیمت کافی کم ہو کر 3900 روپے پر آ گئی ہے تو اب بھی روٹی وہی مہنگے ریٹ پر فروخت ہو رہی ہے شہریوں نے ڈی سی کوئٹہ، اسپیشل مجسٹریٹس اور اسسٹنٹ کمشنرز کی حالیہ کارروائیوں کو صرف کاغذی کارروائی اور دکھاوا قرار دیا اور کہا کہ یہ چھاپے، جرمانے اور اسپیشل غیر موثر ہیں، کیونکہ سڑکوں پر کارروائی کے بعد دفتروں میں لین دین کے بعد گرانفروشوں کو چھوڑ دیا جاتا ہے یہ کارروائیاں اس وقت موثر ہوں گی جب انتظامیہ کے ذمہ دار مک مکا نہ کرے تب عوام کو ریلیف ملنا ممکن ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 02 OCT 2024 Page No. 21


## پاکستان چین کی طرح جلد ترقی یافتہ ملک بن کر ابھرے گا، ن لیگ بلوچستان

ٹیکنالوجی سے لے کر افرادی قوت کی تربیت تک چین نے ہمیشہ کھلے بازو کے ساتھ تعاون کی پیشکش کی

دونوں ممالک نے ہر قسم کی مشکلات پر قابو پایا اور دوستی کو مضبوط تر بنانے میں اپنا کردار بڑھ چڑھ کے ادا کیا

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 75 ویں سالگرہ پر چینی قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی ہر آزمائش پر پورا اتری ہے جس طرح چینی قوم نے جدوجہد کر کے ایک ترقی یافتہ ملک و قوم کی تشکیل کی ہے پاکستان بھی جلد ایک ترقی یافتہ ملک بن کر ابھرے گا۔۔۔۔۔

بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر

انہوں نے کہا کہ گزشتہ 73 برسوں میں دونوں ممالک نے ہر قسم کی مشکلات پر قابو پاتے ہوئے دوستی کو مضبوط سے مضبوط تر بنانے میں اپنا کردار بڑھ چڑھ کے ادا کیا ہے، انہوں نے کہا کہ چین نے 65 اور 71 کی جنگوں میں پاکستان کی مکمل حمایت کی، سفارتی و عسکری محاذ پر ہر طرح کا تعاون فراہم کیا۔ ٹیکنالوجی کی فراہمی سے لے کر افرادی قوت کی تربیت تک چین نے پاکستان کو ہمیشہ کھلے بازوؤں کے ساتھ تعاون کی پیشکش کی ہے۔ چین اس بات کو کبھی نہیں بھولتا کہ پاکستان نے اس کی طرف اس وقت دوستی کا ہاتھ بڑھایا جب دنیا ابھی چین کے بارے میں شش و پنج کا شکار تھی۔ پاکستان نے چین کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم کر کے عالمی سطح پر اس کی جدوجہد کی، وہ آج بھی اسے قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ پاک چین تعلقات ہمیشہ مضبوط رہے ہیں، دونوں ممالک کے عوام اب بہت قریب آ رہے ہیں کیونکہ چین کے طالب علم اردو زبان میں دلچسپی لے رہے ہیں اور پاکستانی طالب علم بھی چین کی زبان تیزی سے سیکھ رہے ہیں جو مستقبل کے حوالے سے خوش آئند ہے، پاک چین اقتصادی راہداری کی تکمیل کے بعد نوجوان نسل کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے

## اسمبلی کیلئے نئی عمارت کی بجائے بجلی نظام کو شمسی توانائی پر منتقل کیا جائے، نواب اسلم رئیسانی

آئی ایم ایف قرضوں کی فضول خرچی نہیں بلکہ یہ رقم سماجی بہبود کیلئے استعمال کی جائے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ چیف آف ساراوان نواب محمد اسلم رئیسانی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان اسمبلی کے لئے نئی عمارت کی تعمیر کی بجائے موجودہ عمارت کی مرمت اور بجلی نظام کو شمسی توانائی پر منتقل کیا جائے۔ آئی ایم ایف قرضوں کی فضول خرچی نہیں ہونی چاہئے، یہ رقم سماجی بہبود کیلئے استعمال کی جائے، جیسا کہ تعلیم، صحت، پانی، زراعت کے شعبے [illegible]

INTEKHAB QUETTA

## بلوچوں کی پرامن مزاحمتی تحریک کو ختم نہیں کیا جاسکتا، مولانا ہدایت الرحمن

ہم پرامن جدوجہد کے قائل ہیں، نوجوان پرامن تحریک وجدوجہد جاری رکھیں، ایوان سردار اور سردار زادوں کی جاگیر نہیں ہے

بلوچ نوجوانوں کو پرامن جدوجہد کے ذریعے ایوانوں میں آنے سے کوئی نہیں روک سکتا، بیلہ میں میڈیا سے بات چیت

بیلہ (نمائندہ انتخاب) ہم پرامن جدوجہد کے قائل ہیں بلوچستان کے نوجوان پرامن تحریک اور جدوجہد جاری رکھیں ایوان سرداروں سردارزادوں کی جاگیر نہیں بلوچ نوجوانوں پرامن جدوجہد کے ذریعے ایوانوں میں آنے سے کوئی نہیں روک سکتا بلوچستان کے عوام قوم پرستوں سے مایوس ہو چکے ہیں بلوچستان میں سیاسی کارکنان کو کام کرنے نہیں دیا جا رہا بلوچوں کی پرامن مزاحمتی تحریک کو ختم نہیں کیا جا سکتا ان خیالات کا اظہار رکن صوبائی اسمبلی اور جماعت اسلامی بلوچستان کے رہنما مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے منگل کے روز بیلہ میں جماعت اسلامی الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر تعمیر آغوش منصوبے کے دورے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے صحافیوں کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور نوجوان قوم پرست

بقیہ نمبر 21 صفحہ 5 پر

لیڈروں سے مایوس ہیں انہوں نے کہا کہ سردار اختر مینگل اسمبلی کی رکنیت سے استعفیٰ دے کر دبئی چلے گئے انہیں چاہیے تھا وہ دبئی جانے کی بجائے بلوچوں کے حقوق کی تحریک میں شریک ہوتے سرداروں اور قوم پرستوں نے بلوچ عوام کو مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی الخدمت فاؤنڈیشن نے ملک کے دیگر صوبوں کی طرح بلوچستان میں بھی آغوش منصوبے پر عمل درآمد کیا ہے جس میں پانچ سو یتیم بچوں کی تعلیم تربیت اور کفالت کیلئے آغوش منصوبے پر کام جاری ہے جو آخری مراحل میں ہے مولانا ہدایت الرحمن نے کہا کہ جماعت اسلامی نے بغیر اقتدار کے بلوچستان کے عوام کو آغوش منصوبہ دیا ہے جس سے صوبے کے ہزاروں یتیم بچوں کی تعلیم و تربیت ہوگی اور انہیں ملک کا کارآمد شہری بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آغوش منصوبے پر عمل درآمد پر میں جماعت اسلامی کے اکابرین کا شکر گزار ہوں اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے آغوش منصوبے کے زیر تعمیر مختلف شعبوں اور عمارت کا دورہ کیا جماعت اسلامی لسبیلہ کے رہنما [illegible] موجود تھے۔

## عوام کو صحت مند، تعلیم یافتہ معاشرے کی طرف بڑھنا ہوگا، مالک بلوچ

نئی نسل کو بیماریوں سے بچانا حکومت کیساتھ معاشرے کے تمام طبقات کی ذمہ داری ہے، احتیاطی ٹیکہ جات اہمیت کے حامل ہیں

مستقبل بہتر بنانے کیلئے والدین مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، پارٹی کارکن بھی مہم کا حصہ بنیں، مہم کے افتتاح پر گفتگو

تربت (نمائندہ انتخاب) محکمہ صحت ای پی آئی پروگرام کے زیر اہتمام ویکسینیشن کے حوالے سے 12 روزہ خصوصی مہم کا آغاز کر دیا گیا مہم کا افتتاح سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کیا جبکہ اس دوران [illegible] ڈاکٹر [illegible] ڈاکٹر نصیر احمد بلوچ [illegible] کے پبلک ہیلتھ اسسٹنٹ ڈاکٹر ذل جان [illegible] ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر [illegible] این پی کے عبداللطیف [illegible] نمائندہ و حریف میاں رند سمیت بلوچستان پارٹی کے رہنما نیشنل پارٹی کے سابقہ ضلعی صدر مشکور انور ایڈووکیٹ [illegible] اور دیگر شریک تھے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 5 پر

[illegible] پاکستان کی [illegible] سے آگے [illegible] 32 فیصد سے [illegible] فیصد پر [illegible] مہنگائی [illegible] 12 [illegible] انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف [illegible]

[illegible] وزیر اعظم شہباز شریف [illegible] جنرل اسمبلی [illegible] خطاب پاکستان کے لئے باعث فخر ہے۔

## عوام کو بلاامتیاز علاج کی مفت فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے، پشتونخوا نیپ

**ڈاکٹروں کو عوام کو درپیش مشکلات کا احساس بھی کرنا ہوگا، خوشحال کاکڑ۔ ڈاکٹر فورم کے اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیپ کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ طب کا پیشہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ وہ ہمیشہ انسانی جان بچانے اور ان کو نئی زندگی دینے کا ذریعہ ہے اور اسی لئے ڈاکٹر کو مسیحا کا خطاب دیا گیا ہے اور ہمیں یقین ہے کہ ہمارے ڈاکٹرز انسانی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر اپنی خدمات انتہائی ایمانداری اور دلچسپی کے ساتھ انجام دیتے ہیں جبکہ ہمارے غریب عوام کو علاج معالجے کے لئے انتہائی مشکلات درپیش ہیں۔ ڈاکٹروں نے ہر سطح پر عوام کو درپیش ان مشکلات کا احساس بھی کرنا ہوگا۔ وہ پارٹی کے ڈاکٹر فورم کے سالانہ انتخاب کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے جس سے صوبائی صدر نصراللہ زیرے اور نومنتخب سیکرٹری ڈاکٹر عبدالصمد پانیزئی نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی اور صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نداستر بھی موجود تھے جبکہ ڈاکٹر فورم کے 13 رکنی ایگزیکٹیو کا انتخاب ہوا جس سے پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے حلف لیا۔ پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے نومنتخب ایگزیکٹیو کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ امر خوش آئند ہے کہ پارٹی کے شعبہ جاتی تنظیموں نے اپنی فعالیت جاری رکھی ہے اور پارٹی کی جاری جدوجہد میں تقویت کا باعث بن رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایک طرف سرکاری سطح پر عوام کے علاج و معالجے کے لئے محکمہ صحت کا نیٹ ورک موجود ہے لیکن اس کے ذریعے ہمارے عوام کے علاج و معالجے کا مسئلہ حل نہیں ہو رہا اور اس نیٹ ورک کا معیار کمزور اور سہولتیں نہ ہونے کے برابر ہیں اور عوام کو بلاتمیز ہر قسم کے علاج کی مفت فراہمی ریاست اور حکومت کی ذمہ داری ہے لیکن اس دوقومی صوبے میں محکمہ صحت کے لئے وہ وسائل اور خزانہ مہیا نہیں کیے جا رہے جو از حد ضروری ہیں بلکہ پرائیویٹ شعبے کے ساتھ سرکاری شعبے میں بھی عوام کو سفارش کے لئے مجبور ہونا پڑتا ہے جو قابل افسوس ہے اور حکومتوں کی عدم دلچسپی اور محکمہ صحت کو اہمیت نہ دینے کے باعث یہ شعبہ انتہائی تنزلی کا شکار ہے ایسے حالات میں ڈاکٹروں کی ذمہ داری میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے اور یہ امر باعث مسرت اور قابل تقلید ہے کہ ہمارے ساتھی ڈاکٹروں میں ایسے ڈاکٹروں کی اکثریت دلچسپی اور اخلاص کے ساتھ عوام کے علاج و معالجہ کی خدمات انجام دیتے ہیں لہٰذا اب تمام ڈاکٹروں نے پارٹی نیٹ ورک کا حصہ ہوتے ہوئے خدمت کے جذبے کو مزید دوبالا کرنا ہوگا۔

## خالد شاہ کے قاتلوں کی عدم گرفتاری باعث تشویش ہے، بی این پی

**مصائب کا خندہ پیشانی سے مقابلہ کیا، پارٹی کیلئے انکی خدمات کو سنہرے حروف سے لکھا جائیگا، بیان**

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن شہید آغا خالد شاہ دلسوز اور شہید غریب شاہ کے قاتلوں کی عدم گرفتاری باعث تشویش ہے، انتظامیہ اور پولیس حکام کی ذمہ داری بنتی تھی کہ وہ واقعے میں ملوث افراد کو گرفتار کریں۔ شہید خالد ثالث کے طور پر کردار ادا کر رہے تھے انہیں بھی ٹارگٹ کیا گیا۔ بیان میں کہا کہ شہید خالد شاہ دلسوز ثابت قدم ہو کر مستقل مزاجی کے ساتھ بی این پی کے ساتھ جڑے رہے ان کی خدمات، جدوجہد، بہادری کو سنہرے حروف سے لکھا جائیگا، پارٹی قائد سردار اختر مینگل کی قیادت میں شہید نے جدوجہد کرتے ہوئے مصائب کا خندہ پیشانی سے مقابلہ کیا۔ دریں اثناء شہید کی رسم سوم ادا کر دی گئی۔ گزشتہ روز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ، سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر و ضلعی صدر غلام نبی مری، نواب محمد خان شاہوانی، اے این پی کے مرکزی سیکرٹری رشید ناصر، میر پسند شاہوانی، بی این پی کے جہانزیب کاکڑ، طاہر شاہوانی ایڈووکیٹ، بی این پی عوامی کے مرکزی لیبر سیکرٹری عبیداللہ مری، صوفی محمد اکبر کاکڑ، عبدالرزاق بلوچ، اسد سفیر شاہوانی، مبارک علی ہزارہ، رضا جان شاہی زئی، احتشام سیج، عبدالنبی لہڑی، ڈسٹرکٹ چیئرمین کوہلو عبدالستار مری، حاجی حشمت لہڑی، نواز مری، ڈاکٹر غلام جان مری، غلام رسول مری، حاجی شفیق کرد سمیت سیاسی سماجی و قبائلی شخصیات نے لواحقین سے تعزیت و فاتحہ خوانی کی۔

## ریویو پٹیشن میں من پسند بینچ کی تشکیل ہارس ٹریڈنگ، وکلاء تنظیمیں

**لاہور کنونشن کے بعد ان آئینی ترامیم کا جواز نہیں بنتا، یہ تاریخ کا سیاہ دن ہوگا، بیان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان بار کونسل، بلوچستان بار کونسل اور بلوچستان ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن نے سپریم کورٹ آف پاکستان میں آئین کے آرٹیکل 63 اے میں ریویو پٹیشن میں اپنے من پسند بینچ کی تشکیل کو ہارس ٹریڈنگ اور پارلیمنٹ کو منڈی لگانے کے مترادف قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دنیا تاریخ کا ایک سیاہ دن ہوگا آئین بنانے والوں کی پارلیمنٹ کی خرید و فروخت ہو اور منڈی لگے اور اس کا فیصلہ سپریم کورٹ کرے۔ وکلاء تنظیموں کے ایک مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ موجودہ آئینی ترامیم کو ملک بھر کے وکلاء نمائندوں سول سوسائٹی عوام جمہوری پسند پارٹیوں ترقی پسند رہنماؤں نے مسترد کر دیا، لاہور کے تاریخی ملک گیر وکلاء کنونشن کے بعد ان آئینی ترامیم کا جواز نہیں بنتا، سپریم کورٹ جیسے ادارے میں آئینی ترامیم کیلئے ہارس ٹریڈنگ اراکین پارلیمنٹ کو جبری طور پر اغوا کرنا خواتین بچوں کو اغوا کرنا ہراساں کرنے کیلئے جواز پیدا کرنا بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے جس کی مرتکب موجودہ سپریم کورٹ بن رہی ہے جو قابل افسوس ہے۔

## قومی وسائل اور واک واختیار سے آج بھی محروم ہیں، پشتونخوا میپ

**صوبے سے محروم رکھنے والے پشتونوں کی محکومی کے ذمہ دار ہیں، رہنماؤں کا خطاب**

ژوب+شیرانی (پ ر) پشتونخوا میپ کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ہر شعبے میں برابری ناگزیر ہے، پشتونوں کی محکومی، مسافرانہ زندگی اور اذیت کے ذمہ دار وہ لوگ ہیں جنہوں نے پشتونوں کو اپنے قومی صوبے سے محروم رکھا اور انہیں دوسروں کے حوالے کیا آج پشتون اپنی سرزمین پر آباد ہونے کے باوجود قومی وسائل اور واک واختیار سے محروم ہیں پشتون قومی اہداف کے حصول کیلئے پشتونخوا میپ کا ساتھ دیں پارٹی چیئرمین محمود خان اچکزئی کی قیادت میں جاری جدوجہد ہی پشتونوں کی نجات دہندہ ہے ان خیالات کا اظہار پارٹی کے مرکزی سیکرٹری عبدالحق ابدال، صوبائی سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری ضلع سیکرٹری ژوب جمال خان مندوخیل، ضلع سیکرٹری شیرانی رشتیا مل خان نے ژوب اور شیرانی اضلاع کی کمیٹیوں کے الگ الگ اجلاس سے خطاب میں کیا شیرانی کی ضلع کمیٹی کے اجلاس کی صدارت عبدالحق ابدال جبکہ ژوب کی ضلعی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت ضلع سیکرٹری جمال مندوخیل نے کی اس موقع پر 17 اکتوبر 1983 کے شہدائے جمہوریت اور 11 اکتوبر کے شہداء وطن کے برسی کی مناسبت سے پارٹی کے زیر اہتمام قلعہ سیف اللہ میں مرکزی جلسہ عام کی تیاریوں اور اس میں شرکت کے حوالے سے مختلف تجاویز اور اس کی روشنی میں فیصلے کیے گئے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 0 2 OCT 2024

Page No 23

## دکی: موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر فائرنگ، ایک شخص ہلاک، ایک زخمی

**مزاحمت کے دوران مزدور نے بیلچہ مار کر ایک ڈاکو کو زخمی کردیا، رہزن اپنے ساتھی کو اٹھا کر فرار**

دکی (نامہ نگار) مسلح ڈاکوؤں کی مزدوروں سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش ناکام، مزاحمت پر فائرنگ سے موٹر سائیکل سوار ایک مزدور جاں بحق اور اس کا ساتھی شدید زخمی ہوگیا۔ ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس کے مطابق دکی کے علاقہ معراج سیلزئی ٹاپ کے مقام پر مسلح ڈاکوؤں نے دو مزدوروں سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک مزدور موٹر سائیکل سوار غلام شاہ ولد محمد شاہ قوم قلندرانی بلوچ سکنہ رباط دکی جاں بحق جبکہ دوسرا ساتھی ملا طاہر ولد حاجی نامعلوم قوم قلندرانی بلوچ شدید زخمی ہوگیا۔ مزاحمت کے دوران مزدور نے بیلچہ مار کر ایک رہزن کو زخمی کردیا جسے اس کے ساتھی اٹھا کر فرار ہوگئے۔ جاں بحق مزدور اور زخمی کو ہسپتال پہنچا کر لاش ورثاء کے حوالے کردی اور زخمی کو کوئٹہ منتقل کردیا گیا۔

## کوسٹ گارڈ کی کارروائیاں 60 ملین کا اسلحہ و منشیات برآمد دو ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوسٹ گارڈ کے عملے نے خفیہ اطلاع پر گوادر کے علاقے موسیٰ گوٹھ میں سرچ آپریشن کے دوران پسٹل 226 بمعہ 34 میگزین، بریٹا پسٹل بمعہ میگزین 145، 30 بور پسٹل 140، اسپیئر میگزین 324، اسپیئر میگزین برآمد کرکے قبضے میں لے لیں جبکہ گنڈانی میں شراب 959 بوتل، کین بیئر 2203، گوادر سے 332 کلو چرس اور وندر سے 5.44 کلو ہیروئن برآمد کرکے 2 ملزمان گرفتار کرلیا۔

MASHRIQ QUETTA

## بی ایم سی ہسپتال سے ایک ہی دن میں متعدد موٹر سائیکلیں چوری

**سی سی ٹی وی کیمرے 16 دن سے بند، پولیس اور انتظامیہ بے بس**

**او پی ڈی کے سامنے سے محمد اعظم اور سکندر نامی شہری کی موٹر سائیکل چوری**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے بی ایم سی ہسپتال سے ایک ہی دن میں متعدد موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں۔ انتظامیہ سے رابطہ کرنے پر معلوم ہوا بی ایم سی ہسپتال کے کیمرے 16 دن سے کام ہی نہیں کررہے۔ آج بی ایم سی ہسپتال کی او پی ڈی کے سامنے سے محمد اعظم اور سکندر نامی افراد کی موٹر سائیکل چوری ہوگئیں پولیس اور.......... بقیہ 78 صفحہ نمبر 7 پر

انتظامیہ کے پاس جانے کے بعد معلوم ہوا کہ بی ایم سی ہسپتال کے کیمرے 16 دن سے بند ہے چوروں کے سامنے پولیس اور انتظامیہ بے بس نظر آرہی ہے

## کوسٹ گارڈز نے اسلحہ، شراب اور ہیروئن برآمد کرلی

**226 عدد گلاک پستول، میگزین، 34 عدد بریٹا پستول قبضہ میں لے لیں**

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان کوسٹ گارڈ نے مختلف کارروائیوں کے دوران اسلحہ، شراب اور ہیرون برآمد کرلی ترجمان پاکستان کوسٹ گارڈ کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز نے اپنے انٹیلیجنس ذرائع سے ملنے والی اطلاع کی بنیاد پر گوادر (بلوچستان) کے علاقے جنرل ایریا موسیٰ گوٹھ میں کاروائی کرتے ہوئے دوران سرچ آپریشن 226 عدد گلاک پستول بمعہ میگزین، 34 عدد بریٹا پستول بمعہ میگزین، 145 عدد 30 بور پستول، 140 سپیئر .......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

میگزین 30 بور پستول اور 324 سپیئر میگزین گلاگ پستول برآمد کرلی گئیں۔ مذکورہ اسلحے کو قبضے میں لے کر مزید قانونی کاروائی شروع کردی گئی ہے۔ خدشہ ہے کہ یہ اسلحہ دہشت گردی کی وارداتوں کے لئے استعمال ہونا تھا۔ پاکستان کوسٹ گارڈز نے گزشتہ دنوں کے دوران بھی منشیات جس میں شراب، چرس اور ہیروئن شامل ہیں ضبط کی تھیں۔ تفصیلات کے مطابق گنڈانی کے علاقے سے اعلیٰ کوالٹی غیر ملکی شراب کی 959 بوتلیں اور 2203 کین بیئر برآمد کرلئے گئے۔ اسی طرح کی مختلف کارروائیوں میں گزشتہ دنوں میں گوادر سے ایک اور کاروائی کے دوران 332 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کرلی گئی۔ اس کے علاوہ وندر اور اوتھل (بلوچستان) سے ایک مشتبہ گھر اور جھاڑیوں میں چھپائی گئی 44.5 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی کی ہیروئن برآمد کرتے ہوئے دو افراد کو گرفتار کرکے قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔

Century Express Quetta

## دستی بم حملہ، حادثات اور فائرنگ کے واقعات 7 افراد جاں بحق 14 زخمی

**تربت میں فورسز کی چیک پوسٹ پر دستی بم حملے میں 2 اہلکار زخمی، نوشکی ٹریفک حادثے میں 2 جانیں گئیں**

**بختیار آباد میں مسافر ویگن اور مزدا ٹرک میں تصادم کے باعث خواتین و بچوں سمیت 11 زخمی، 6 کی حالت نازک ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر/ نیوز ایجنسیاں) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں پیش آنے والے حادثات، فائرنگ اور دستی بم کے حملہ میں سات افراد جاں بحق دو سیکورٹی اہلکاروں سمیت 14 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق منگل کی شب بلوچستان کے ضلع کیچ کے علاقے تربت میں واقع تعلیمی چوک پر واقع سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے دستی بم پھینکا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں نائیک اشرف اور سپاہی طاہر زخمی ہوگئے، دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ایف سی کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا، خضدار کی تحصیل وڈھ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے حاجی نور احمد جاں بحق ہوگیا، کوئٹہ ژوب قومی شاہراہ پر بی آر سی کالج کے قریب بس کی ٹکر سے صلاح الدین اور جمال خان جاں بحق ہوگئے ادھر نوشکی میں کوچگی کے قریب ویگن اور موٹر سائیکل کے درمیان ہونیوالے تصادم کے نتیجے میں کردگاپ کا رہائشی علی اکبر جاں بحق ہوگیا جبکہ مانجھی پور کے علاقے مانجھوٹی شاخ کے گوٹھ حاجی حمزہ خان کھوسہ کے رہائشی محمد حنیف کھوسہ کا دو سالہ بیٹا نہر میں ڈوب کر جاں بحق ہوگیا، دکی کے علاقے معراج ایریا سلیزئی ٹاپ کے مقام پر موٹر سائیکل چھیننے کی واردات کے دوران مزاحمت پر ڈاکوؤں (باقی صفحہ 5 نمبر 31)

کی فائرنگ سے غلام شاہ جاں بحق جبکہ ملا طاہر زخمی ہوگیا، پنجگور کے علاقے تریمل کے قریب نامعلوم مسلح گاڑی سواروں کی فائرنگ سے پیر جان ولد صوفی محمد اسلم جاں بحق ہوگیا جبکہ سبی کے علاقے بختیارآباد میں مسافر ویگن اور مزدا ٹرک میں ہونے والے تصادم کے نتیجے خواتین اور بچوں سمیت گیارہ افراد زخمی ہوگئے ہیں جن میں سے 6 کی حالت تشویشناک ہے۔

عوامی مسائل

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 02 OCT 2024

Page No. 24

## کانگو وائرس مویشیوں اور انسانوں دونوں کی جان کیلئے خطرہ ہے، بہادر خان

کانگو وائرس اپنی اموات کی شرح کے لیے جانا جاتا ہے، جو پاکستان میں تقریبا 25 فیصد ہے، اے سی کچلاک

### کمیونٹی اور مویشیوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے فوری اور موثر کنٹرول کے اقدامات کی ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی ہدایت پر کوئٹہ میں کانگو وائرس کی روک تھام کے سلسلے میں ضلعی انتظامیہ اور محکمہ لائیو اسٹاک کی جانب سے مویشی منڈیوں میں اسپرے، ویکسینشن اور عوامی آگاہی کی مہم جاری ہے اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ اور لائیو اسٹاک کے افسران پر مشتمل ٹیموں نے کچلاک، مشرقی بائی پاس اور اسپنی روڈ کی مویشی منڈیوں کا دورہ کیا اس موقع پر 967 بھیڑوں، 809 بکروں اور 143 بڑے جانوروں کو وائرس سے بچاو کیلئے ویکسین اور اسپرے کروائی گئیں۔ اس حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر کچلاک بہادر خان نے بکرا منڈی کچلاک کا دورہ کیا اس موقع پر کریمین کانگو ہیمرجک وائرس) سی سی ایچ ایف (پر قابو پانے کے اقدامات کی نگرانی اور معائنہ کیا ان کے ہمراہ محکمہ لائیو سٹاک کے ڈاکٹر حسام بھی تھے۔ انہوں نے کانگو وائرس کے پھیلاو کو روکنے کے لیے سپرے اور ویکسینیشن کے عمل کا جائزہ بھی لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر کچلاک نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کانگو وائرس مویشیوں اور انسانوں دونوں کے لیے صحت کے لیے ایک اہم خطرہ ہے۔ کانگو وائرس اپنی اموات کی شرح کے لیے جانا جاتا ہے، جو پاکستان میں تقریبا 25 فیصد ہے۔ یہ تشویشناک اعداد و شمار کمیونٹی اور مویشیوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے فوری اور موثر کنٹرول کے اقدامات کی ضرورت ہے۔ اس حوالے سے بکرا منڈی کے علاقے میں جراثیم کش ادویات کا چھڑکاو جاری ہے یہ اقدام کسی بھی ممکنہ وائرس پر قابو پانے اور منتقلی کے مجموعی خطرے کو کم کرنے کے لیے اہم ہے۔ جبکہ مویشیوں کو وائرس کے خلاف قوت مدافعت بڑھانے کے لیے ویکسینیشن کی کوششیں بھی کی جا رہی ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## کوئٹہ سمیت بلوچستان میں مصنوعی مہنگائی عروج پر پہنچ گئی

کوئٹہ شہر میں سبزیاں اور اشیاء خردنوش کی قیمتیں بڑھ گئی ہے مرغی کی سرکاری قیمت فی کلو 609 روپے ہیں دوکاندار 720 روپے کی فروخت کر رہے ہیں

### گائے کا گوشت 1300 روپے فی کلو بکرے کا گوشت 2200 فی کلو فروخت ہو رہا ہے ضلعی انتظامیہ خواب خرگوش کی نیند سو رہی ہے

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں مہنگائی و ذخیرہ اندوزی منافع خوری اپنے عروج پر پہنچ چکی ہے کوئٹہ شہر میں سبزیاں اور اشیاء خردنوش کی قیمتیں بڑھ گئی ہے مرغی کا سرکاری قیمت فی کلو 609 روپے ہیں دوکاندار 720 روپے کا فروخت کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب بکری اور گائے کا گوشت کی قیمتیں بھی بڑھ گئی ہے گائے کا گوشت 1300 روپے فی کلو بکرے کا گوشت 2200 فی کلو فروخت ہو رہا ہے ضلعی انتظامیہ خواب خرگوش کی نیند سو رہی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 6

Dated: 02 OCT 2024 Page No. 25


## بلوچستان: صنعت وتجارت کا فروغ، تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے!!

ایک خبر کے مطابق گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے گزشتہ روز یہاں کوئٹہ میں ایوان صنعت وتجارت کی جنرل باڈی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ملک اور صوبے کی معیشت میں بزنس کمیونٹی کی خدمات وکردار کو سراہا ہے اور اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ صنعت وتجارت کے بغیر کسی ملک اور صوبے کی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا پاکستان اور بلوچستان کا مفاد کاروبار کو پروموٹ کرنے میں ہے۔ گورنر بلوچستان کی رائے بالکل بجا اور عین حقیقت ہے پیداواری شعبوں میں جدت واستحکام، توانائی بحران کا خاتمہ، سرمایہ کاری، روزگار کے مواقع کی فراہمی صنعت وحرفت اور تجارت کا فروغ وبڑھوتری یوں تو اس وقت پورے ملک کی ہی ضرورت ہے اور اس حوالے سے وقت کی ضرورتوں سے ہم آہنگ اقدامات اشد ضروری ہیں مگر بات ہمارے صوبے بلوچستان کی ہو تو یہاں باقی صوبوں کی نسبت زیادہ دوٹوک اور ہنگامی اقدامات کی ضرورت اس بناء پر ہے کہ ماضی میں مختلف وجوہات کی بناء پر یہ صوبہ تعمیر وترقی کے سفر میں بھی باقی صوبوں سے قدرے پیچھے رہ گیا اور اوپر سے یہاں محرومی کا احساس، پسماندگی، غربت اور بے روزگاری کی شرح بھی تشویشناک حد تک زیادہ ہے حالانکہ یہ ایک ایسا صوبہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ہر طرح کے وسائل، نعمتوں اور جغرافیائی اہمیت سے مالا مال اور سرفراز کیا ہے دو ہمسایہ ممالک کے ساتھ اس کی طویل سرحد لگتی ہے، طویل ساحلی پٹی ہے، گہری پانیوں کی بندرگاہ ہے یہ سی پیک کا مرکز ومحور ہے، یہاں سونے چاندی اور تیل وگیس سے لے کر ہر طرح کی معدنیات پائی جاتی ہیں یہاں سرمایہ کاری کے بے انتہاء مواقع موجود ہیں یہاں کے لوگ محنتی، جفاکش، محب وطن اور غیور ہیں یہ کسی زمانے میں پورے ملک کا فروٹ باسکٹ کہلاتا تھا ثقافتی ورثے سے یہ مالا مال ہے سیر وسیاحت کی ایک پوری انڈسٹری چند برسوں میں کھڑی ہوسکتی ہے بشرطیکہ اس کے لئے وقت کی ضرورتوں سے ہم آہنگ اقدامات اٹھائے جائیں اسی طرح یہاں کے نوجوان اعلیٰ صلاحیتوں سے مالا مال ہیں پہلے کسی دور میں یہاں ٹیکنیکل اور ووکیشنل ایجوکیشن کی کمی رہی ہوگی اب تو ہر شہر میں سکل لیبر بھی دستیاب ہے پھر بھی صوبے میں انڈسٹری کو فروغ حاصل نہیں ہوسکا جو کسی المیے سے کم نہیں اب وقت آ گیا ہے کہ اس حوالے سے وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ اقدامات اٹھائے جائیں صوبے میں پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے تو وفاق اور صوبہ مل کر ایک عرصے سے لگے ہوئے ہیں وفاقی اور صوبائی پی ایس ڈی پی کے تحت ہر سال اربوں روپے ترقیاتی مد میں خرچ ہورہے ہیں یہاں پیداواری شعبے ہنوز غیر معمولی اقدامات ومنصوبوں کے متقاضی ہیں اسی طرح صنعت وتجارت کی بات کریں تو ہم سمجھتے ہیں کہ یہاں صنعت وتجارت کے فروغ کے لئے ہنگامی اقدامات اور ایمرجنسی منصوبوں کی اشد ضرورت ہے۔ گورنر بلوچستان نے گزشتہ روز بزنس کمیونٹی کے مسائل کے حل کے لئے فعال کردار ادا کرنے کا جو عزم ظاہر کیا ہے یہ مستحسن اور قابل ستائش ہے ہمیں امید ہے کہ ان کا یہ عزم زبانی کلامی اور میڈیائی نہیں ہوگا بلکہ وہ وفاق سے رابطہ کرکے بنیادوں پر نہ صرف بوستان وخضدار کے سپیشل اکنامک زونز، کوئٹہ کے انڈسٹریل زونز کو سہولیات کی فراہمی کے لئے ہی اپنا فعال کردار ادا نہیں کریں گے بلکہ مغل کوٹ شیرانی سے لے کر گوادر تک صوبے میں جہاں جہاں حکومت مناسب سمجھے خصوصی زونز کے قیام، صنعت وحرفت کی ترقی اور بلوچستان کی مقامی مصنوعات کی ترقی وپروجیکشن، انہیں عالمی منڈیوں تک فوری اور آسانی رسائی دینے، صنعت وحرفت سے وابستہ حلقوں کے مسائل کے حل کے لئے اپنی آواز اٹھائیں گے بزنس کمیونٹی کو سہولیات دی جائیں اور یہ سہولیات مشروط ہوں مشروط اس طرح کہ اب تو سارے ہی کھاتے ڈیجیٹائزیشن کی اور بڑھ رہے ہیں ایف بی آر کے پاس سارے صنعت کاروں کا ڈیٹا موجود ہے ایک مناسب پیکج کا اجراء کرکے ٹیکسوں اور دیگر مدات میں آسانیاں اعلان کی جائیں اور صوبے کے صنعتکاروں او رتاجروں کو تحریک دی جائے کہ وہ حتمی اور لازمی طور پر کوئٹہ اور اندرون بلوچستان سرمایہ لگائیں کوئٹہ چیمبر کے اراکین کی غالب اکثریت اٹھتے بیٹھتے وفاق اور صوبائی حکومت کو تو مورد الزام ٹھہراتی ہے مگر خود انہی اراکین نے اپنا سرمایہ یا تو تجوریوں میں چھپا رکھا ہے، سندھ اور پنجاب یا بیرون ملک لگایا ہوا ہے اور یا پھر نام کی حد تک صوبے میں ریئل سٹیٹ میں سرمایہ لگا کر فوری منافع کے لئے تگ ودو کرتے دکھائی دیتے ہیں تلخ بات تو یہ بھی ہے کہ تاجر، مل مالک، کارخانہ دار، ٹرانسپورٹر اور چھوٹے لیول پر کریانہ فروش ہے سب ہی کی زیادتی وناجائز منافع خوری کے باعث حکومت کے ریلیف اقدامات کا ثمر عام آدمی تک نہیں پہنچ پاتا۔ مان لیں یہ حقیقت کہ تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے اگر ماضی کی حکومتوں نے کام نہیں کیا تو بلوچستان کے اپنے تاجروں وصنعتکاروں کی بھی بلوچستان کے لئے کوئی کنٹری بیوشن نہیں ہے مسلسل خسارے کے باوجود سرکاری ٹرانسپورٹ کی رعایتی فراہمی سے لے کر پوائنٹ آف سیل، سیلز ٹیکس اور ٹیکس آن سروسز تک انہیں حکومت نے وقتاً فوقتاً چھوٹ اور آسانیاں دی ہیں مگر اس کا صلہ یوں دیا جاتا ہے کہ یہی لوگ ملک اور بیرون ملک یہ دیکھے بغیر کہ کون سا فورم ہے حکومت کے بخیہ ادھیڑتے ہیں ان سے آج تک یہ باز پرس نہیں ہوئی کہ انہوں نے اپنے سرمائے کا کتنا حصہ بلوچستان میں لگایا اپنی سماجی ذمہ داری کس حد تک نبھائی کتنے نوجوانوں کو روزگار دیا اور کتنے بچوں کو ملک وبیرون سکالرشپس دیں لکھنے بیٹھیں تو بحث لمبی ہوجائے گی مختصراً یہ کہ بلوچستان میں صنعت وتجارت کا فروغ بھی ضروری ہے اور یہ جو چھپے ٹائیکون بیٹھے ہوئے ہیں انہیں ان کی سماجی ذمہ داریوں کا فہم وادراک کرانا بھی اشد ضروری ہے ہر ذمہ داری حکومت اور انتظامیہ کی نہیں ہوتی کچھ فرائض معاشرے کے مختلف طبقات کے بھی ہوا کرتے ہیں پس لازم ہے کہ وفاق اور صوبائی حکومت مل کر بلوچستان میں ہنگامی بنیادوں پر صنعت وتجارت کے فروغ کے منصوبے شروع کریں قانونی تجارت کی راہیں ہموار کریں، ڈیجیٹائزیشن کو یقینی بنائیں تاجروں صنعتکاروں کے مسائل ایوان ہائے صنعت وتجارت کی تجاویز وآراء کی روشنی میں حل کئے جائیں مگر ساتھ ہی انہیں اس بات پر بھی قائل کیا جائے کہ وہ اپنی مرضی سے جس شعبے میں چاہیں سرمایہ کاری کریں تاکہ صنعت وتجارت کو بھی فروغ حاصل ہو، روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں، مختلف شعبوں میں جدت وبہتری بھی آئے برآمدات بھی بڑھیں اور ساتھ ہی ساتھ اپنے ذرائع سے بلوچستان کی آمدن میں بھی اضافہ ہو اور اسے چھوٹی چھوٹی ضروریات کے لئے دست سوال دراز کرنے کی ضرورت ہی پیش نہ آئے۔

## بلوچستان حکومت کا معیار تعلیم بہتر بنانے کیلئے احسن اقدامات!

بلوچستان میں تعلیمی اداروں میں اصلاحات خاص کر بند اسکولوں کو دوبارہ کھولنا اور ان کی فعالیت کو یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے۔اس وقت بلوچستان میں 30 لاکھ سے زائد بچے اسکولوں سے باہر ہیں جبکہ ہزاروں کی تعداد میں اساتذہ کی کمی ہے۔بلوچستان جیسے پسماندہ خطے میں تعلیم کی بہتری کیلئے ٹھوس اور جنگی بنیادوں پر اقدامات ناگزیر ہیں۔ اس وقت بلوچستان تعلیم کے لحاظ سے ملک کے دیگر صوبوں سے بہت پیچھے ہے جس میں ایک اور بڑا مسئلہ یہاں انتظامی افسران کی غفلت اور لاپرواہی بھی ہے حالانکہ بلوچستان میں تعلیم کی مد میں 2013ء سے خطیر رقم مختص کی جارہی ہے تاکہ تعلیمی معیار میں بہتری آئے، بند اسکول کھل جائیں جہاں تمام سہولیات فراہم کی جائیں، اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنایا جاسکے مگر اب تک کوئی خاص پیشرفت نہیں ہوسکی ہے بلکہ مزید اسکول بندش کا شکار ہوئے ہیں۔مگر موجودہ حکومت خاص کر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے تعلیمی اداروں کی بہتری اور معیار تعلیم کو بہتر بنانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے دوٹوک انداز میں واضح کیا ہے کہ تعلیمی معیار کی بہتری میں کوئی غفلت اور کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور اس حوالے سے بڑے پیمانے پر اصلاحات بھی کی جارہی ہیں۔بلوچستان حکومت نے صوبے میں سالوں سے بند 3700 اسکولوں کو کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔محکمہ تعلیم بلوچستان کے مطابق صوبے کے مختلف اضلاع میں اساتذہ کی عدم دستیابی کے باعث تقریباً 3700 اسکول کئی سال سے بند ہیں۔سب سے زیادہ 254 اسکول پشین میں جبکہ 251 اسکول خضدار اور کوئٹہ میں 152 اسکولوں کو تالہ لگا ہوا ہے۔محکمہ تعلیم بلوچستان ان بند اسکولوں کو فعال کرنے کیلئے کنٹریکٹ بنیاد پر اساتذہ بھرتی کرے گا اس سلسلے میں محکمہ تعلیم نے 11 اکتوبر تک مختلف اسکولوں میں اساتذہ کی خالی اسامیوں پر امیدواروں سے درخواستیں طلب کرلی ہے۔محکمہ تعلیم کے حکام کے مطابق اساتذہ کی بھرتی ہر ضلع میں ڈپٹی کمشنرز کی زیر نگرانی کمیٹی کرے گی۔دوسری جانب صوبائی حکومت کا کہنا ہے کہ انہوں نے پشین اور آواران میں 40 بند اسکولوں کو کھولنے میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ بہرحال اسکولوں کی فعالیت اور تمام سہولیات کی فراہمی کے بعد یقیناً بلوچستان میں تعلیمی معیار میں بہتری آئے گی، لاکھوں بچے جو اس وقت اسکولوں سے باہر ہیں یہ مسئلہ بھی حل ہوجائے [illegible] بچوں کا مستقبل روشن اور تابناک ہوجائے گا جو [illegible] نے والے وقت میں اپنے صوبے کی خدم [illegible] یں گے۔ موجودہ حکومت کو یہ اعزاز بھی حا [illegible] کہ دنیا کی بڑی یونیورسٹی کے ساتھ اسکالرشپ مع [illegible] یا گیا ہے۔بلوچستان کے نوجوان بڑی یونیورسٹیز [illegible] اعلیٰ تعلیم حاصل کرینگے جو اپنے ملک سمیت دیگ [illegible] الک میں جاکر اہم شعبوں سے وابستہ ہوکر اپنا بہترین مستقبل بنانے کے اہل ہوں گے۔ امید ہے کہ موجودہ حکومت تعلیم کی بہتری کیلئے مزید اقدامات اٹھائے گی تاکہ بلوچستان کے بچے نوجوانوں کا مستقبل تاریک ہونے کی بجائے روشن ہوسکے۔

# بلوچستان کے سیلاب متاثرین کی مدد ہماری اولین ترجیح ہے

چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہم ایسی آئینی عدالت بنانا چاہتے ہیں جس میں تمام صوبوں کی برابر نمائندگی ہو، بلوچستان کے سیلاب متاثرین کی مدد ہماری اولین ترجیح ہے، سیلاب متاثرین کے لیے 400 ملین ڈالر کا قرض میں نے حاصل کیا جسے وفاق نے اپنی جیب میں رکھ لیا،، بلوچستان سے سوتیلوں جیسا سلوک ہو رہا ہے، بلوچستان کی عوام کی ہر ممکن مدد کریں گے بلاول بھٹو نے کہا کہ سندھ میں ورلڈ بینک کے تعاون سے گھر بنانے اور سڑکوں کی بحالی کے منصوبے جاری ہیں، ہاؤسنگ کا منصوبہ میرا ہے جو میں نے ورلڈ بینک کے سامنے رکھا اور فنڈنگ کا بندوبست کیا جس کا مقصد بے گھر افراد کو دوبارہ رہائش دینا تھا، ساتھ ہی انہیں زمین کا مالک بھی بنانا تھا اس پر کام شروع کر دیا ہے یہ پیسہ کسی وفاقی یا صوبائی بابو کے حوالے نہیں کیا اس پیسے کی حفاظت صوبائی محکمہ پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے منصوبے کو آؤٹ سورس کیا ہے تا کہ شفافیت رہے، منصوبے میں ورلڈ بینک اور سندھ حکومت دونوں کی فنڈنگ ہے اور وفاق سے بھی دلوایا، بیرون ملک وعدہ بھی پورا کر رہا ہے، ہم ایسی آئینی عدالت بنانا چاہتے ہیں جس میں تمام صوبوں کی برابر نمائندگی ہو، بلوچستان کے سیلاب متاثرین کی مدد ہماری اولین ترجیح ہے، سیلاب متاثرین کے لیے 400 ملین ڈالر کا قرض میں نے حاصل کیا جسے وفاق نے اپنی جیب میں رکھ لیا،، بلوچستان سے سوتیلوں جیسا سلوک ہو رہا ہے، بلوچستان کی عوام کی ہر ممکن مدد کریں یہ سارے وعدے ہم بلوچستان کے لیے پورے کیوں نہیں کر سکتے؟ یہ بلوچستان کے ساتھ ناانصافی ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا ہے کہ 400 ملین ڈالرز کا وہ قرض جو میں نے عالمی بینک سے حاصل کیا وہ ڈالرز وفاق نے اپنی جیب میں رکھے اور ہمیں روپیہ دے رہا ہے سندھ میں ورلڈ بینک کے تعاون سے گھر بنانے اور سڑکوں کی بحالی کے منصوبے جاری ہیں، ہاؤسنگ کا منصوبہ میرا ہے جو میں نے ورلڈ بینک کے سامنے رکھا اور فنڈنگ کا بندوبست کیا ملین ڈالرز کا وہ قرض جو میں نے عالمی بینک سے حاصل کیا وہ ڈالرز وفاق نے اپنی جیب میں رکھے اور ہمیں روپیہ دے رہا ہے سندھ میں ورلڈ بینک کے تعاون سے گھر بنانے اور سڑکوں کی بحالی کے منصوبے جاری ہیں، ہاؤسنگ کا منصوبہ میرا ہے جو میں نے ورلڈ بینک کے سامنے رکھا اور فنڈنگ کا بندوبست کیا جس کا مقصد بے گھر افراد کو دوبارہ رہائش دینا تھا، ساتھ ہی انہیں زمین کا مالک بھی بنانا تھا اس پر کام شروع کروایا ہے یہ پیسہ کسی وفاقی یا صوبائی بابو کے حوالے نہیں کیا اس پیسے کی حفاظت صوبائی محکمہ پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کر رہا ہے۔ اور وہ روپیہ بھی وہ کہتے ہیں کہ وہ اسے استعمال کریں گے، 2020 سے لے کر آج تک وفاق نے ایک گھر بھی نہیں بنایا میں چاہتا ہوں کہ آپ سیلاب متاثرین کو وہ رقم ضرور پہنچائیں آپ یہ کام ضرور کریں اور سندھ کے پلاننگ منسٹر کے ساتھ مل کریں، ورلڈ بینک سے پہلے صوبائی اور وفاقی حکومت کو سیلاب متاثرین کی مدد کرنی چاہیے بلاول نے کہا کہ اگر صوبائی کے ساتھ وفاقی بھی سیلاب متاثرین کے لیے اپنا حصہ شامل کرے اور اسے عالمی سطح پر اسے ثابت کرنے کے لیے راضی ہو تو میں مزید عالمی مالیاتی اداروں سے پاکستان کو فنڈ دلوانے کے لیے تیار ہوں مگر ایسا ہو نہیں رہا مقصد پورا نہیں ہو رہا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی اور وفاقی حکومتیں سیلاب متاثرین کے ایشو کو سنجیدگی سے لیں۔ وفاقی حکومت ہماری آؤٹ سورس کی گئی کمپنیوں اور این جی اوز کے ساتھ معاہدے کرے اور ایسے گھر بنائے کہ اگلے سیلاب میں وہ تباہ نہ ہوں، صوبائی اور وفاقی حکومتیں سیلاب متاثرین کے ایشو کو سنجیدگی سے لیں۔ وفاقی حکومت ہماری آؤٹ سورس کی گئی کمپنیوں اور این جی اوز کے ساتھ معاہدے کرے اور ایسے گھر بنائے کہ اگلے سیلاب میں وہ تباہ نہ ہوں، آپ سیلاب متاثرین کو وہ رقم ضرور پہنچائیں آپ یہ کام ضرور کریں اور سندھ کے پلاننگ منسٹر کے ساتھ مل کریں. ورلڈ بینک سے پہلے صوبائی اور وفاقی حکومت کو سیلاب متاثرین کی مدد کرنی چاہیے۔ بلاول نے کہا کہ اگر صوبائی کے ساتھ وفاقی بھی سیلاب متاثرین کے لیے اپنا حصہ شامل کرے اور اسے عالمی سطح پر اسے ثابت کرنے کے لیے راضی ہو تو میں مزید عالمی مالیاتی اداروں سے پاکستان کو فنڈ دلوانے کے لیے تیار ہوں مگر ایسا ہو نہیں رہا مقصد پورا نہیں ہو رہا۔ بلوچستان کے سیلاب متاثرین کے ساتھ ناانصافی ہو رہی ہے ان کی جلد مدد کی جائے اور وعدے پورے کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سیلاب سے متعلق امداد اکٹھی ہونے کے بعد حکومت کا جو سلوک رہا ہے اگلی بار اگر مصیبت آئی تو اگلی بار امداد دیتے وقت عالمی ادارے ماضی کو دیکھیں گے، بلوچستان کے فنڈز امداد کے لیے شامل کریں بلوچستان کے سیلاب متاثرین سے سوتیلا سلوک بند کیا جائے۔ اس سیلاب سے متعلق امداد اکٹھی ہونے کے بعد حکومت کا جو سلوک رہا ہے اگلی بار اگر مصیبت آئی تو اگلی بار امداد دیتے وقت عالمی ادارے ماضی کو دیکھیں گے، بلوچستان کے فنڈز امداد کے لیے شامل کریں بلوچستان کے سیلاب متاثرین سے سوتیلا سلوک بند کیا جائے۔ قبل ازیں کوئٹہ میں پیپلز لائرز فورم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا نظریہ نسلوں سے چلتا ہوا آ رہا ہے، جو غلط ہوتا ہے ہم کہتے ہیں کہ غلط ہے، ملک میں اس وقت بہت سے مسائل ہیں جن کا حل نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی پھر سر اٹھا رہی ہے، ہم یہ نہیں کہتے ایک دن میں تمام مسائل حل کر دیں گے، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت کیلئے قربانیاں دیں ہیں، ہم تنقید سیاسی مخالفت کی وجہ سے کرتے ہیں، معیشت کے حوالے سے چیلنجز کا سامنا ہے۔ ہم تنقید سیاسی مخالفت کی وجہ سے کرتے ہیں، معیشت کے حوالے سے چیلنجز کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا نظریہ واضح ہے، ایسی متفقہ دستاویز بنانے کی کوشش کریں گے جو محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی خواہش کے مطابق ہو، پیپلز پارٹی کا نظریہ واضح ہے، ایسی متفقہ دستاویز بنانے کی کوشش کریں گے جو محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی خواہش کے مطابق ہو، ہم ایسی آئینی عدالت بنانا چاہتے ہیں جس میں تمام صوبوں کی برابر نمائندگی ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں لڑائیاں چلتی رہتی ہیں، اسلام آباد میں بڑے بڑے ہاتھی لڑتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No 6

Dated: 02 OCT 2024 Page No. 29




کوئٹہ سے رضا الرحمان کا تجزیہ

# صوبائی عہدوں کیلئے لابنگ، بلوچستان میں ن لیگ اور پی پی اندرونی اختلافات کا شکار

بلوچستان میں برسر اقتدار بڑی سیاسی جماعتیں پی پی پی اور ن لیگ اندرونی خلفشار کا شکار ہوگئی ہیں، صوبائی عہدوں کے لئے دونوں







جماعتوں کے اندر لابنگ اور کھینچا تانی کے باعث مرکزی قیادت کو مداخلت کرنا پڑ رہی ہے جبکہ صوبے کی تیسری بڑی سیاسی جماعت جمعیت علماء اسلام ف نے یہ مرحلہ مکمل کرلیا ہے۔ مولانا عبدالواسع بھاری اکثریت سے دوبارہ جے یو آئی (ف) کے امیر اور آغا محمود شاہ دوبارہ جنرل سیکرٹری منتخب ہوگئے ہیں، بلوچستان میں برسر اقتدار جماعت پی پی پی کی مرکزی قیادت نے پارٹی کی صوبائی کابینہ کو تحلیل کردیا ہے اور سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری کی نگرانی میں 6 رکنی آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل دے دی ہے جس کے ارکان میں صادق عمرانی، صابر بلوچ، سردار عمر گورگیج، میر باز کھیتران اور اقبال شاہ کے نام شامل ہیں۔ پی پی پی بلوچستان میں حکومت سازی کے بعد گروپنگ نے جنم لے لیا، پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل نیئر بخاری کو پارٹی قیادت نے دونوں اطراف کو سننے کے لئے کوئٹہ بھیجا لیکن ان پر بھی یکطرفہ ہونے اور سینئر و نظریاتی کارکنوں وعہدیداران کو نظرانداز کرنے کا الزام عائد کیا گیا، نیئر بخاری بھی پارٹی میں جنم لینے والے گروپوں کو یکجا نہیں کرسکے جس کے بعد پارٹی کی مرکزی قیادت نے معاملات کی سنگینی کو بھانپتے ہوئے پارٹی کی صوبائی کابینہ کو تحلیل کرنے کا فیصلہ کیا اور صوبے میں تنظیم سازی کے لئے 6 رکنی آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل دے دی، پارٹی کے اندرونی اختلافات کو ختم کرنے اور نئی تنظیم سازی کے لئے سینئر کارکنوں کو اعتماد میں لینے کے لئے پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کوئٹہ کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے پارٹی کے نظریاتی کارکنوں سے ملاقاتیں کیں اور انہیں سنا۔ پی پی پی کی طرح مسلم لیگ ن میں بھی صوبائی صدارت اور جنرل سیکرٹری شپ کے لئے کھینچا تانی کا آغاز ہوچکا ہے، پارٹی کی صدارت شیخ جعفر مندوخیل کے گورنر مقرر ہونے کے بعد خالی پڑی ہے جس کے لئے جام کمال، سردار عبدالرحمن کھیتران، سردار فتح محمد محمد حسنی اور میر عاصم کرد گیلو لابنگ میں مصروف ہیں جبکہ 2024 کے عام انتخابات سے قبل ن لیگ میں بلوچستان سے شامل ہونے والے الیکٹیبلز کی اکثریت حکومت میں مناسب نمائندگی نہ ملنے پر ناراض دکھائی دے رہی ہے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق ان ناراض الیکٹیبلز کو "لالی پاپ" دینے کے لئے یہ بات بڑے وثوق سے کہی جارہی ہے کہ بلوچستان میں حکومت سازی کے معاہدے کے وقت پی پی پی اور ن لیگ میں ڈھائی سال کے لئے وزارت اعلیٰ کا معاہدہ طے پایا ہے، تاہم پی پی پی کی جانب سے ایسے کسی معاہدے کی شروع دن سے ہی تردید کی جارہی ہے جس کے باعث ن لیگ میں بیٹھے الیکٹیبلز میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ ان سیاسی مبصرین کے مطابق پی پی پی کی حکومت سے ن لیگ کے ان "الیکٹیبلز" کی اکثریت نالاں ہے، وزارتوں کے قلمدان اور بعض کو نظرانداز کیے جانے پر انہیں تحفظات ہیں، اکثر سیاسی و نجی محفلوں میں یہ ارکان حکومت خصوصاً وزیراعلیٰ بگٹی سے گلے شکوے کرتے نظر آتے ہیں۔ سیاسی مبصرین کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے بھی 18ویں ترمیم کی وجہ سے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں، وہ آئین کے مطابق 14 وزراء اور 5 مشراء سے زیادہ اٹھا نہیں سکتے، وہ آئین کے پابند ہیں، باقی ارکان کو ایڈجسٹ کرنے کے لئے انہوں نے پارلیمانی سیکرٹریز لیے ہیں جنہیں وزراء کے برابر اختیار دیا گیا ہے لیکن بیوروکریسی ان وزراء و مشراء اور پارلیمانی سیکرٹریز کے قابو میں نہیں ہے جس کی وجہ سے حکومتی امور چلانے میں مشکلات پیش آرہی ہیں، بلوچستان میں بدامنی میں اضافے کے باعث بگٹی حکومت پر تنقید کا سلسلہ جاری ہے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی گڈ گورننس کے قیام اور بدامنی کی روک تھام میں اس طرح سے کامیاب نہیں ہو پائے جس طرح سے ان کی حکومت سے توقع کی جارہی تھی۔ سیاسی مبصرین کے مطابق اس میں شک و شبہ نہیں کہ وزیراعلیٰ بگٹی ایک اچھی اور مثبت سوچ رکھتے ہیں اور سرگرم بھی ہیں لیکن ان کی حکومت اس طرح سے اچیومنٹ نہیں کرسکی جس طرح سے توقع کی جارہی تھی شاید اس کی بڑی وجہ ٹیم کا فقدان ہوسکتا ہے؟ سیاسی مبصرین کے مطابق مارچ 2024 میں بننے والی صوبائی مخلوط حکومت کے خلاف تھوڑے عرصے میں ہی تبدیلی کی بازگشت سنائی دینے لگی تھی، تاہم اس بازگشت کے باوجود وزیراعلیٰ بگٹی یوں سرگرم رہے کہ انہوں نے تبدیلی کے جھٹکے کو زائل کیا۔ تاہم اب ایک مرتبہ پھر تبدیلی کی باتیں زور و شور سے جاری ہیں، پی پی پی اور ن لیگ کے اندرونی معاملات اور صوبائی کابینہ میں ردوبدل کے بعد اس میں تیزی آئی ہے، تاہم وزیراعلیٰ بگٹی مطمئن دکھائی دیتے ہیں کیونکہ بعض سیاسی حلقوں کا یہ دعویٰ ہے کہ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے اندرونی طور پر اپوزیشن جماعت جمعیت علماء اسلام (ف) کے ساتھ روابط بڑھا دیے ہیں۔ پی ایس ڈی پی سمیت دیگر امور میں وہ جے یو آئی ف کے ارکان کو اہمیت دے رہے ہیں جبکہ جمعیت علماء اسلام (ف) کی مرکزی قیادت خصوصاً مولانا فضل الرحمن سے بھی انہوں نے سابق نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کے ذریعے دوستی کا ہاتھ مضبوط کیا ہے۔ ان سیاسی مبصرین کے مطابق جمعیت علماء اسلام ف کو ملک میں آئینی ترامیم کے حوالے سے کافی اہمیت دی جارہی ہے جبکہ جے یو آئی ف بلوچستان میں 2024 کے عام انتخابات میں اکثر حلقوں میں دوسرے نمبر پر رہی اور ان میں سے تین سے چار حلقوں میں اسے الیکشن ٹریبونلز سے ریلیف بھی ملنے کے امکانات ہیں جس کے بعد جے یو آئی ف بلوچستان اسمبلی میں سب سے بڑی پارلیمانی سیاسی جماعت بن کر ابھر سکتی ہے؟ ●

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 02 OCT 2024 Page No.



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور سیکرٹری ریسورسز نولنگ ملٹی پرپز ڈیم کے پراجیکٹ اسٹیرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 02 OCT 2024 Page No.



کوئٹہ: صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمان کھیتران سے پارلیمانی سیکرٹری ہادیہ نواز ملاقات کر رہی ہیں



وزیر صحت بخت محمد کاکڑ شیخ زید النہیان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں مریض کی عیادت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 02 OCT 2024 Page No. ______



آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری ریٹائرڈ ہونیوالے اے آئی جی لیگل سجاد حیدر کو شیلڈ دے رہے ہیں